سوال

(444) کیا شہید کا جنازہ پڑھنے کا ثبوت کتاب و سنت سے ملتا ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا شہید کا جنازہ پڑھنے کا ثبوت کتاب و سنت سے ملتا ہے ؟ (ماسٹر سیف اللہ خالد)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

شہید مسلم ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے اتباع جنازہ مسلم کا مسلم پر حق ہے تو شہید کا جنازہ ثابت ہے ۔

[''ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ مسلمان کے مسلمان پر پانچ حق ہیں ۔ سلام کا جواب دینا ۔ مریض کی عیادت کرنا ۔ جنازے کے ساتھ چلنا ۔ دعوت قبول کرنا اور چھینک پر (اس کے الحمد للہ کے جواب میں) یرحمک اللہ کہنا ۔'' 2 ۷ ۲ ۱۴۲۳ھ

2 بخاری کتاب الجنائز باب الأمر باتباع الجنائز، مسلم کتاب السلام باب من حق المسلم علی المسلم (رد السلام)

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد 02 ص 368

محدث فتویٰ